**B**

**CCE RR**

**Revised & Unrevised**

**ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

**ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಸೆಪ್ಟೆಂಬರ್, 2020**

**S. S. L. C. EXAMINATION, SEPTEMBER, 2020**

**ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು**

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 22. 09. 2020 ] — ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 22. 09. 2020 ] — **Code No. : 12-U**

**ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Regular Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | **درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں :** | 6 × 1 = 6 |
| 1. | وہ علم جس کے ذریعہ شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم ہو۔ | |
| | A) علم طب    B) علم نجوم | |
| | C) علم عروض    D) علم غیب | |
| | جواب : (C) علم عروض | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | مرکب لفظ ''دل کشا'' کے معنٰی ہیں۔ | |
| | A) دل لبھانے والا B) دل چرانے والا | |
| | C) دل خوش کرنے والا D) دل دکھانے والا | |
| | جواب : (C) دل خوش کرنے والا | 1 |
| .3 | غزل کا ہر شعر معنٰی کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ | |
| | A) ادھورا B) مکمل | |
| | C) پھیکا D) نامناسب | |
| | جواب : (B) مکمل | 1 |
| .4 | ان میں کونسا لفظ ارکانِ تشبیہ میں سے نہیں ہے۔ | |
| | A) مشبہ B) مشبہ بہ | |
| | C) استعارہ D) حرفِ تشبیہ | |
| | جواب : (C) استعارہ | 1 |
| .5 | ایسا جملہ جس میں مسند اور مسند الیہ دونوں اسم ہوں کہلاتا ہے۔ | |
| | A) جملۂ اسمیہ B) جملۂ فعلیہ | |
| | C) جملۂ خبریہ D) جملۂ انشائیہ | |
| | جواب : (A) جملۂ اسمیہ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کلام میں متضاد الفاظ کو استعمال کرنے کی صنعت کو کہتے ہیں۔ | 6. |
| | A) صنعتِ تکرار B) صنعتِ تضاد | |
| | C) صنعتِ تلمیح D) صنعتِ تجنیس | |
| 1 | جواب : (B) صنعتِ تضاد | |
| 4 × 1 = 4 | **پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :** | II. |
| | راہ پہ لانا : سیدھا راستہ بتانا :: تاؤ آنا : .................. | 7. |
| 1 | جواب : غصّہ آنا | |
| | رِیت : رواج :: رَیت : .................. | 8. |
| 1 | جواب : بالو | |
| | ماضی : حال :: دشوار : .................. | 9. |
| 1 | جواب : آسان | |
| | ادب : آداب :: محفل : .................. | 10. |
| 1 | جواب : محافل | |
| 7 × 1 = 7 | **درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :** | III. |
| | اداؔ جعفری کے آبائی وطن کا نام کیا ہے ؟ | 11. |
| 1 | جواب : بدایوں | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے'' یہ کہہ کر مولانا آزاد نے کس حکومت کی طرف اشارہ کیا ہے ؟ | .12 |
| 1 | جواب : **انگریزی حکومت** | |
| | ودیا چرن جی کے آنکھ کھونے کا سبب کیا تھا ؟ | .13 |
| 1 | جواب : ایکسڈنٹ (حادثہ) | |
| | بھرت نارائن جی کی اپنی آنکھیں دان کرنے کی وجہ کیا تھی ؟ | .14 |
| 1 | جواب : ان کے مرنے کے بعد بھی ان کی آنکھیں دیکھتی رہے۔ | |
| | ''نظم'' لفظ کے معنیٰ کیا ہیں ؟ | .15 |
| 1 | جواب : پرونے کے ہیں۔ | |
| | مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟ | .16 |
| 1 | جواب : فن کار کہتا ہے۔ | |
| | مچھر سے لڑنے کا ارادہ ترک نہ کریں تو کیا ہوگا ؟ | .17 |
| 1 | جواب : پوری نسل کو جاڑا بخار آ جائیگا۔ | |
| 10 × 2 = 20 | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :** | .IV |
| | 1958ء کی ''کل ہند اردو کانفرنس'' میں خطاب کرتے ہوئے نہرو نے کیا کہا ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مجھے اردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں وہ ایک جاندار زبان ہے۔ | |
| 1 | ☆ اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہا تو کیا ہوگا ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہمارا بھی وہی حشر ہوگا جو خلیجی ملکوں کا تابکاری سے ہوا۔ | |
| 1 | ☆ ہماری معاشی جڑیں جو پہلے ہی ہل گئی ہیں، اکھڑ بھی سکتی ہیں۔ | |
| | پطرس بخاری نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ لالہ جی صبح کے وقت دماغ کیا صاف ہوتا ہے جو بھی پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ بھئی خدا نے صبح بھی کیا چیز بنائی ہے۔ | |
| | کشمیر کی معیشت کا انحصار کون کونسی پیداوار پر ہوتا ہے ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ چاول، مکا، گیہوں، بارلی، اوٹس اور مختلف سبزیاں، امرود، سیب، شفتالو اور چیری کے باغات۔ | |
| 1 | ☆ دیودار، چنار، اخروٹ، صنوبر کے درخت اور اونی صنعت پر کشمیر کی معیشت کا انحصار ہوتا ہے۔ | |
| | زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ زعفران میں گلائی کوسائیڈ وکروس، پائیرو کروس ہوتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اس کے علاوہ فاسفورس اور پوٹاشیم جیسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .23 | بہار کے موسم میں اُوس اور ہوا شجر پر کیا احسان کرتی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ اوس دودھ پلانے کا کام کرتی ہے۔ | 1 |
| | ☆ ہوا آ کر محبت سے بار بار شجر کا منہ چومتی ہے۔ | 1 |
| .24 | لوگ شاعر کو کونسی عادت چھوڑنے کے لئے کہتے ہیں ؟ اور کیوں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ لوگ شاعر کو رشوت لینے کی عادت کو چھوڑنے کے لئے کہتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ ایک بدترین لت ہے اور ایسی تجارت ہے جو آدمیت اور انسانیت کے خلاف ہے۔ | 1 |
| .25 | حضرت امام حُسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ حضرت امام حُسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی اہلِ بیت کے حلقے میں کہرام مچ گیا۔ | 1 |
| | ☆ آپ کی بیوی شہر بانو آپ کے قدموں سے لپٹ گئیں، بیٹی سکینہ آپ سے چمٹ گئی بہن زینب زار و قطار رونے لگیں۔ | 1 |
| .26 | ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ خدا نے ایک زمین بنائی تھی۔ | 1 |
| | ☆ انسان نے اس پر آڑی ترچھی لکیریں کھینچ کر سرحدیں بنالیں۔ آج وہ اپنی سرحدوں میں قید ہو کر رہ گیا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بیکل اتساہی کے مطابق غیروں پر احسان کی تمہید کرنا کیوں درست نہیں ؟ | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ جب کوئی غیر کسی پر احسان کی تمہید کرتا ہے تو اس کی تقدیر بھی اسی کی عادی ہو جاتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ انسان کے لئے انسان کی خودداری کے لئے مناسب نہیں۔ | |
| 11 × 3 = 33 | **درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | V. |
| | **متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''اگر کسی نے ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔'' | 28. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''بدایوں کے شام وسحر'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ جسکی مصنفہ آدا جعفری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اماں نے کسی بات پر خوش ہو کر ناشتے کا راز بتا دیا اور بچوں کو تاکید کرتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ''ہائے فراق'' رہ جاؤ گے۔'' | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ فراق گورکھپوری نے اپنا نام رگھوپتی سہائے سے بدل کر آر-سہائے فراق رکھ لیا تھا۔ تو جواہر لال نہرو نے ان سے یہ جملہ کہا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے۔'' | .30 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سے اخذ کیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ احمد شاہ پطرس بخاری اس کے مصنف ہیں۔ | |
| | ☆ لالہ جی نے مصنف کو رات کے تین بجے جگایا تھا۔ مصنف کو صبح کی کوئی نشانی نظر نہیں آنے پر اس نے | |
| 1 | لالہ جی سے یہ جملہ کہا۔ | |
| | **درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| | مولانا ابوالکلام آزادؔ | .31 |
| | جواب : | |
| | **مولانا ابوالکلام آزادؔ :** | |
| | ☆ مولانا ابوالکلام آزاد 11 نومبر 1888ء کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا اصلی نام محی الدین | |
| 1 | لقب ابوالکلام اور تخلص آزادؔ تھا۔ | |
| | ☆ ابتدائی تعلیم والدین کی نگرانی میں ہوئی نوعمری ہی میں عربی، فارسی، اور اردو زبان میں مہارت حاصل کی۔ | |
| | ☆ کاروانِ خیال، غبار خاطر، تبرکاتِ آزاد، مکاتبِ آزاد، قول فیصل آپ کی تصانیف کے نام ہیں۔ الہلال | |
| 1 | اور البلاغ آپ کے مشہور اخبارات کے نام ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل شاعر کا تعارف کیجئے :** | |
| .32 | ماہرؔ القادری | |
| | جواب : | |
| | **ماہرؔ القادری** | |
| | ☆ نام منظور حسین قادری قلمی نام ماہرؔ القادری تھا۔ 1906ء میں ضلع کیسر کلاں بلند شہر یو۔پی۔ میں پیدا ہوئے۔ | 1 |
| | ☆ آپ کی مشہور نعتیہ نظم کا نام ''طہورِ قدسی'' ہے اور ماہنامہ ''فاران'' کی آپ نے ادارت کی۔ ''محسوسات ماہر'' ''جذباتِ ماہر'' اور ''ذکرِ جمیل'' آپ کے مجموعوں کے نام ہیں۔ | |
| | ☆ تلاش معاش کی خاطر حیدر آباد پھر پاکستان منتقل ہوئے۔ 1978ء میں پاکستان میں ہی ان کا انتقال ہوا۔ | 1 |
| | **درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| .33 | بات پر واں زبان کٹتی ہے<br>وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر مرزا غالبؔ کی غزل سے ماخوذ کیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کسی محبوب کے دربار کا ذکر کر رہا ہے کہ وہاں بات کرنے پر زبان کاٹ لی جاتی ہے۔ | 1 |
| | ☆ وہاں پر صرف محبوب ہی کہہ سکتا ہے کوئی دوسرا نہیں۔ وہاں پر دوسروں کو صرف سننے کی اجازت ہے۔ بولنے کی نہیں۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا | .34 |
| | وہی ''لن ترانی'' سُنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر علامہ اقبالؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس میں شاعر اللہ تعالیٰ سے مخاطب ہے اور اس کے دیدار کی خواہش کر رہا ہے۔ | |
| | ☆ پھر اپنے دل کے تعلق سے کہتا ہے کہ میرا دل چھوٹا ضرور ہے لیکن اس میں حوصلہ بڑا ہے اور میں بھی | |
| 1 | موسیٰؑ کی طرح تیرا وہی جواب ''لن ترانی'' سننا چاہتا ہوں۔ | |
| | آتی نہیں ہے راس ہمیں منزل وفا | .35 |
| | اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر خلیل مامونؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر کہہ رہا ہے کہ ہمیں وفا کی منزل راس نہیں آتی۔ | |
| 1 | ☆ ہم نے اس راہ میں بہت سے دھوکے بہت سے فریب کھائے ہیں۔ | |
| | **درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :** | |
| | مرکب جملہ کی تعریف مع اقسام لکھئے۔ | .36 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مرکب جملہ وہ جملہ ہے جو دو مفرد جملوں سے ملکر بنا ہو۔ | |
| 1 | ☆ (i) مرکب مطلق | |
| 1 | ☆ (ii) مرکب ملتف | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 37. | مضمون کی تعریف کرتے ہوئے اس کے حصّوں کے نام لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ مضمون ایک ایسی تحریر ہے جس میں کسی موضوع پر تسلسل کے ساتھ اظہار خیال کیا جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے کل تین حصّے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ (i) تمہید | 1 |
| | (ii) نفسِ مضمون | |
| | (iii) خاتمہ | |
| 38. | صنعتِ تلمیح سے کیا مراد ہے۔ مثال سے واضح کیجئے۔ | |
| | یا | |
| | صنعتِ استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا کسی مذہبی روایت کی طرف اشارہ کرنا ''صنعتِ تلمیح'' کہلاتا ہے۔ | 2 |
| | ☆ مثلاً : نا رِ نمر و د کو کیا گلز ا ر | |
| | دوست کو یوں بچالیا تُو نے | 1 |
| | یا | |
| | جواب : | |
| | ☆ کلام میں کسی لفظ کے حقیقی معنٰی کے بجائے مجازی معنٰی مراد لئے جائیں لیکن حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہہ کا ہو تو اس کو ''استعارہ'' کہتے ہیں۔ | 2 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ مثال : کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل | |
| 1 | چراغِ سحر ہوں بجھا چاہتا ہوں | |
| 5 × 4 = 20 | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** | .VI |
| | اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔ | .39 |
| | **یا** | |
| | مرثیہ کے آخری دو بند میں سے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | **حمد :۔** | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | رضا تیری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **جواب: مرثیہ کے چار اشعار :** | |
| | بچپن میں جو زباں سے کہا ہے کریں گے ہم | |
| 1 | کھائیں گے تیرِ ظلم، لہو میں بھریں گے ہم | |
| | حلق اپنا زیرِ خنجرِ قاتل دھریں گے ہم | |
| 1 | اُمت کے بخشوانے کو، پیاسے مریں گے ہم | |
| | اب ہاتھ اٹھاؤ فاطمہؓ کے نورِ عین سے | |
| 1 | ہوگی کبھی نہ وعدہ خلافی حسینؓ سے | |
| | یہ سن کر گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر | |
| 1 | لپٹا لیا گلے سے بہن کو بہ چشمِ تر | |
| | **درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :** | 40. |
| | (i) جگنو (ii) آمدِ بہار | |
| | جواب : | |
| | (i) **جگنو کا خلاصہ** | |
| 1 | ☆ ماں کی یاد میں لکھی یہ ایک تاثراتی نظم ہے۔ اس نظم میں ایک یتیم و یسیر بچے کی داستانِ غم بیان کی گئی ہے۔ جسکے پیدا ہوتے ہی اسکی ماں انتقال کر جاتی ہے۔ نہ ماں بچے کو دیکھ پاتی ہے اور نہ بچہ اپنی ماں کو دیکھ پاتا ہے۔ جس کو دائیوں اور کھلائیوں نے پال پوس کر بڑا کیا۔ | |
| | ☆ جب آسمان پر گھٹائیں چھا کر برسات ہونے لگتی ہے اور موسمِ بہار میں شام کو جگنو چمکنے لگتے ہیں تو دائیاں بچے کا دل بہلانے کے لئے جھوٹ کہتی ہیں کہ جگنو بھٹکی ہوئی روحوں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ دائیوں کی بات وہ معصوم بچہ سچ سمجھتا ہے اور دل ہی دل میں یہ تمنا کرتا ہے کہ کاش میں بھی انسان کے بجائے جگنو ہوتا تو اپنی ماں کی بھٹکتی ہوئی روح کو راستہ بتاتے ہوئے اپنے گھر لاتا اور اس سے خوب جی بھر کر باتیں کرتا۔ پھر وہ اپنی بے بسی پر رونے لگتا ہے اور اس کی ہچکیاں بندھ جاتی ہیں۔ | 1 |
| | ☆ جب بچہ بڑا ہو جاتا ہے۔ بیس سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو اسکو پتہ چلتا ہے کہ بچپن میں دائیوں نے اس سے جو کچھ کہا تھا وہ جھوٹ تھا۔ جگنو کسی کو راستہ نہیں دکھاتے۔ پھر وہ سوچنے لگتا ہے کہ اس سے جو کچھ کہا گیا تھا وہ اگر سچ ہوتا تو کتنا اچھا ہوتا۔ سچ نے اس کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ | 1 |
| | **یا** | |
| (ii) | **آمدِ بہار کا خلاصہ:** | |
| | ☆ نظم ''آمد بہار'' شوق قدوائی کی لکھی ہوئی ہے۔ اس نظم میں شاعر نے موسمِ بہار کی آمد کے خوشنما مناظر کی تصویر کشی کی ہے۔ | 1 |
| | ☆ ہوا بہار کی آمد کا اعلان کرتی ہے۔ کلیوں کو کھلا کر پھول بناتی ہے۔ صبا اور شمیم بھی باغ کو مہکانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھتیں۔ | 1 |
| | ☆ بہار کے آنے سے پہاڑوں کی برف پگھل کر صاف پانی کی شکل اختیار کرتی ہے۔ پانی مختلف راستوں سے بہتا ہوا سمندر میں مل جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ بہار کے آنے سے سارا چمن سرسبز و شاداب ہو گیا ہے۔ درخت پھولوں سے لدے ہوئے ہیں۔ سرخ رنگ کے پھول چمن کی زینت کو بڑھا رہے ہیں جسکو دیکھ کر خزاں کو تکلیف ہو رہی ہے۔ مختلف رنگ کی چڑیاں اتراتی ناچتی گاتی پھر رہی ہیں۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .41 | مِنٰی میں تشریف لاکر حُضورِ اکرمؐ نے مسلمانوں کے عظیم الشان مجمع سے کیا خطاب فرمایا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ ہاں اللہ نے آسمان اور زمین کو جب پیدا کیا تھا آج زمانہ پھر پھرا کر اسی فطرت پر آ گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ تمہاری جانیں اور تمہاری ملکیتیں آپس میں ایک دوسرے کے لئے ویسی ہی عزت کے قابل ہیں جیسے آج کا دن اس عزت کے مہینے میں اس عزت والی آبادی میں۔ | 1 |
| | ☆ ہاں دیکھنا میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ خود ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔ تم کو خدا کے سامنے حاضر ہونا ہے اور وہ تم سے تمہارے کاموں کی بابت پوچھے گا۔ | 1 |
| | ☆ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنا دیا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے، تو اس کا کہا ماننا۔ اپنے پروردگار کی پرستش کرنا، پانچوں وقتوں کی نمازیں پڑھنا، رمضان کے مہینے کے روزے رکھنا اور میرے حکموں کو ماننا، تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہوگے۔ | 1 |
| .42 | امیر خسرو قومی یکجہتی کے پیامبر تھے۔ مثالوں سے ثابت کیجئے۔ | |
| | **یا** | |
| | زعفران کی کاشت کیسے کی جاتی ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو قومی یکجہتی کے پیامبر تھے۔ وہ ہندوؤں کو دوسرے مذاہب کے پیروؤں کے مقابلے میں ترجیح دیتے تھے۔ | 1 |
| | ☆ ان کا خیال تھا ہندوؤں اور مسلمانوں میں بہت سے عقائد مشترک ہیں۔ وہ چاروں ویدوں میں بیان کئے گئے حقائق و معارف کی باتوں کا احترام کرتے تھے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ وہ ہندوستانی زبانوں کی شُد بُد رکھتے تھے اور یہاں کی قدیم زبان سنسکرت کو علوم وفنون کا خزانہ مانتے تھے۔ ان کی وطن پرستی کی مثال شاید ہی ملے۔ وہ سچے وطن پرست تھے۔ انہوں نے ہندوستان کے آگے ترکستان اور روم کو بھی ہیچ سمجھا۔ وہ اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کہا کرتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ ان کی سانسوں میں وطن کی مٹی کی خوشبو بستی تھی۔ انہوں نے اپنے اشعار میں اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں۔ سچ پوچھو تو میں ہندوستان طوطی ہوں۔ اگر تم مجھ سے شیرینئ گفتار چاہتے ہو تو ہندی میں بات کرو۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ زعفران کی کاشت کے لئے معتدل آب و ہوا راس آتی ہے۔ پھول کھلنے کے موسم میں ہلکی دھوپ اور راتوں میں نمی ضروری ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کی بہترین پیداوار کے لئے تیس چالیس سنٹی میٹر بارش درکار ہوتی ہے۔ موسمِ بہار کی بارش گھنٹیوں کی افزائش اور پودے کی اچھی نشو و نما کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ زعفران کا چھوٹا سا پودا تقریباً ایک فٹ اونچا ہوتا ہے۔ جس کی جڑیں اعشاریہ پانچ سینٹی میٹر حجم کی مخروطی گھنٹیوں کے نچلے حصّے سے اگتی ہیں | |
| 1 | ☆ یہ گھنٹیاں پیاز کی گھنٹیوں کی طرح بڑی نہیں ہوتیں۔ ان گھنٹیوں کو ایک بار زمین میں بونے کے بعد کم سے کم آٹھ سال اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سال کی مدت تک فصل حاصل کی جاتی ہے۔ اس خوبی کی وجہ سے یہ دائمی پودا کہلاتا ہے۔ زعفران کی آخری فصل چننے کے بعد گھنٹیاں زمین کے اندر سے نکالی جاتی ہیں۔ ایک سال کے وقفہ کے بعد پھر سے اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 43. | **درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| | سروا پلی رادھا کرشنن 5 ستمبر 1888ء کوتملناڈو ریاست کے ایک چھوٹے سے گاؤں تروتنی میں پیدا ہوئے۔ انکا تعلق ایک غریب برہمن خاندان سے تھا۔ سروا پلی انکے آبائی وطن کا نام تھا۔ وہ بچپن سے بہت ذہین واقع ہوئے تھے۔ ان کے والد انہیں سنسکرت پڑھانا چاہتے تھے لیکن انکے عزیز و اقارب کا بے حد اصرار تھا کہ انہیں جدید تعلیم سے آراستہ کیا جائے۔ آخر کار انہیں ایک انگریزی مشنری اسکول میں داخل کیا گیا۔ جہاں پر وہ ہر امتحان میں اول درجہ سے کامیابی حاصل کرتے رہے۔ یہ سلسلہ ابتدائی تعلیم سے اعلیٰ تعلیم تک قائم رہا۔ جب تعلیم سے فراغت نصیب ہوئی تو وہ معلم کی حیثیت سے ملازمت کرنے لگے۔ اپنی محنت لگن اور جستجو کے ذریعہ کامیابی حاصل کرتے ہوئے پروفیسر، چانسلر، سفیر، نائب صدر اور صدر جمہوریہ کے جلیل القدر عہدے تک رسائی حاصل کی اور قوم و ملک کی خدمات انجام دیتے ہوے اس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔ آپکی موت کے بعد آپکو ہندوستان کا اعلیٰ ترین اعزاز بھارت رتن سے بھی سرفراز کیا گیا۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) سروا پلی رادھا کرشنن کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ | |
| | (ii) انہوں نے کن عہدوں پر فائض ہو کر قوم و ملک کی خدمات انجام دیں ؟ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 2 | (i) سروا پلی رادھا کرشنن 5 ستمبر 1888ء کو تملناڈو ریاست کے ایک چھوٹے سے گاؤں ''سروتنی'' میں پیدا ہوئے۔ | |
| 2 | (ii) انہوں نے معلم، پروفیسر، چانسلر، سفیر، نائب صدر اور صدر جمہوریہ کے عہدوں پر فائض ہو کر قوم و ملک کی خدمات انجام دیں۔ | |
| 1 × 5 = 5 | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | VII. |
| | اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر کیا گیا ہو۔ | 44. |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (سالانہ جلسہ کا ذکر) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے صدر مدرس کو ایک خط لکھئے جس میں اپنے تبادلے کی سند (T.C.) کا مطالبہ کیا گیا ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (( تبادلہ کی سند کا مطالبہ )) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| 1 × 5 = 5 | **کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :** | VIII. |
| | ''اخلاقی تعلیم میں مذہب کا کردار'' | 45. |
| | جواب : | |
| | اخلاقی تعلیم میں مذہب کا کردار اہم اور ضروری ہے۔ | |
| 1 | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) اخلاقی تعلیم کا مطلب | |
| 1 | (ii) اخلاقی تعلیم کی اہمیت | |
| | (iii) اخلاقی تعلیم کے فائدے | |
| 1 | (iv) ملک کی ترقی میں اخلاقی تعلیم کا کردار۔ | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ - اعادہ، اپنی رائے کا اظہار۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | موبائل فون کے فائدے اور نقصانات۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید - قول،شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) موبائل فون کی تعریف | |
| | (ii) موبائل کا طریقۂ استعمال | |
| 1 | (iii) موبائل کے فائدے | |
| 1 | (iv) موبائل کے نقصانات | |
| 1 | اختتام/خاتمہ - اعادہ،اپنی رائے کا اظہار | |